یہ کتاب یوں تو اسلامی تعلیمات سے شغف رکھنے والے فرد کے لیے مفید ہے لیکن خاص طور پر اسلامی تاریخ اور اسلامی علم سیاسیات کے طالب علموں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ معیارِ کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

تعلیم کی تشکیلِ نو | شائع کردہ: ادارہ مطبوعات طلبہ ۲/ ۴۰۶ نزد لسبیلہ مارکیٹ، کراچی۔ قیمت ایک روپیہ۔

اسلامی نظامِ تعلیم پر یہ چند نہایت قابلِ قدر مضامین کا مجموعہ جسے اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کے بعض ذہین اور ہونہار ارکان نے مرتب کیا ہے۔ اس مجموعے میں جن حضرات کے مقالات شامل ہیں وہ سب دنیائے اسلام کی جانی پہچانی اور معروف شخصیتیں ہیں۔ مثلاً مولانا محمد علی جوہر، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، جناب نعیم صدیقی صاحب۔ جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب اور سید معروف شاہ شیرازی۔ کتابت اور طباعت دیدہ زیب ہے۔

مجلہ اسوۂ حسنہ | مدیر: جناب عتیق احمد صاحب۔ شائع کردہ: انجمن اتحاد طلبہ، این۔ ای۔ ڈی گورنمنٹ انجینئرنگ کالج، کراچی۔

زیرِ تبصرہ مجلہ گورنمنٹ انجینئرنگ کالج کی آرٹس سوسائٹی کی ایک خاص علمی پیش کش ہے۔ یہ پیش کش اس اعتبار سے وقیع اور لائقِ ستائش ہے کہ اس میں نوجوان طلبہ نے انسانیت کے محسنِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کو نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے۔ مضامین کا انتخاب بڑی دیدہ وری سے کیا گیا ہے اور اشاعت میں عمدہ ذوق کا ثبوت دیا گیا ہے۔

مولانا محمد احسن نانوتویؒ | مرتبہ جناب محمد ایوب قادری صاحب ایم۔اے۔ شائع کردہ: روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بی، ون ایریا ½ لیاقت آباد کراچی۔ قیمت چار روپے

۔مولانا محمد احسن نانوتویؒ انیسویں صدی عیسوی کے مشاہیر علماء میں سے ہیں مگر بعض دیگر بزرگوں کی طرح اُن کے حالات بھی پردہ گمنامی میں پڑے ہوئے ہیں۔ جناب محمد ایوب قادری صاحب جو تحقیق کا نہایت اچھا تجربہ اور سلیقہ رکھتے ہیں انہوں نے بڑی عرقریزی کے ساتھ مولانا کے حالات کو زیرِ تبصرہ کتاب میں قلمبند کیا ہے۔ یہ کتاب بظاہر تو ۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہے لیکن فاضل مرتب کو اس کے لیے جو غیر معمولی کاوش کرنا پڑی اُس کا اندازہ کتابیات کی طویل فہرست پر ایک نگاہ ڈالنے سے کیا جا سکتا ہے۔

مُنحَمّنا تالیف: جناب عبدالعزیز خالد صاحب۔ شائع کردہ: بک لینڈ۔ ۲ محمد بلڈنگ، بندر روڈ، کراچی ۱۔ قیمت ۲ روپے ۵۰ پیسے صفحات ۱۲۴۔

جناب عبدالعزیز خالد صاحب شعر و ادب کی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ انہوں نے شاعری کو نیا رجحان اور نیا اندازِ بیان دیا ہے۔ اُردو کے ساتھ ساتھ انہیں عربی اور فارسی پر غیر معمولی قدرت حاصل ہے اور نئے نئے الفاظ اور تراکیب خود بخود اُن کے قلم سے ڈھلتی چلی جاتی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں بھی وہ ساری خوبیاں نمایاں ہیں جو اُن کی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں انہوں نے رسولِ مقبولؐ کے اسمائے گرامی کو اشعار کے اندر گہری معنویت کے ساتھ قلمبند کیا ہے۔ اُن کا ہر شعر حضور سرورِ کائنات کی محبت کا آئینہ دار ہے۔

کتاب کا کاغذ، اور معیارِ کتابت و طباعت بہت اونچا ہے۔ دینی جذبے کے زیرِ اثر، کتاب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی غرض سے قیمت بہت کم رکھی گئی ہے۔

نظامِ اسلامی مشاہیر کی نظر میں | ترجمہ و ترتیب: جناب خلیل احمد حامدی صاحب۔ شائع کردہ: اسلامک پبلیکیشنز، شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ صفحات ۵۰۶ قیمت ۵۰ - ۶ روپے

حق و صداقت زمان و مکان کے اختلاف کے باوجود ایک ہی ہے۔ اس میں ماحول کے تغیرات کوئی تبدیلی پیدا نہیں کرتے۔ پھر یہ حق و صداقت اپنے علمبرداروں پر ایک جیسے اثرات مرتب کرتی ہے اور یوں